# آپ کے پروسیجر کی تیاری کرنا

یہ رہنما بتاتا ہے کہ آپ اپنے پروسیجر سے پہلے اوراس کے بعد، ہر مرحلہ میں تیاری کیسے کریں۔ اگر آپ کے سوالات ہوں، تو اپنے ماقبل پروسیجر انٹرویو کے دوران اپنے سرجن یا نگہداشت کی ٹیم بات کریں۔

**اس دستاویز میں، آپ کو درج ذیل کے تعلق سے معلومات ملیں گی**


- ماقبل پروسیجر چیک لسٹ
- ماقبل پروسیجر تشخیص
- پیٹ خالی رکھنے سے متعلق رہنما ہدایات
- ماقبل پروسیجر جلد کی تیاری
- اپنی آمد کی منصوبہ بندی کرنا
- آپ کے پروسیجر کے دن کیا کرنا ہے
- اپنے پروسیجر کے بعد کیا توقع کریں
- آپ کے پروسیجر کے لیے ادائیگی
- مقامات


---

## ماقبل پروسیجر چیک لسٹ

اپنے آئندہ پروسیجرکے تعلق سے باخبر رہنے میں مدد کے لیے اس چیک لسٹ کا استعمال کریں۔ اگر آپ کے سوالات ہوں، تو براہ کرم اپنے نامزد کردہ Inova ماقبل پروسیجر تشخیصی کلینک سے رابطہ کریں۔

☐ اپنی طبی تاریخ سے متعلق سوالنامہ MyChart میں جلد از جلد مکمل کریں۔ اگر آپ کے پاس MyChart اکاؤنٹ نہیں ہے، تو Inova.org/MyChart پر سائن اپ کریں۔

☐ جب تک آپ کا پروسیجر ہو نہ جائے تب تک کوئی نئی GLP-1 دوا شروع نہ کریں (جیسے Wegovy®, Ozempic®, Mounjaro®, Zepbound® یا دیگر)۔

☐ اگر آپ کی سرجری کی تاریخ یا وقت میں تبدیلی ہوتی ہے، تو اپنے پروسیجر سے ایک کاروباری دن پہلے اپنے سرجن کے دفتر سے کال کے انتظار میں رہیں

☐ اپنے سرجن کے دفتر کو کال کریں اگر
- آپ کے پروسیجر کو دوبارہ شیڈول کرنے یا منسوخ کرنے کی ضرورت ہو
- آپ بیمار محسوس کریں یا آپ کو بخار ہو (اپنے پروسیجر کا دن آ جانے کا انتظار نہ کریں)

**اپنے پروسیجر سے 72 گھنٹے پہلے**

☐ اس دستاویز میں اپنی خوراک سے متعلق ہدایات کو چیک کرنا یاد رکھیں

☐ اس دستاویز میں دواؤں سے متعلق تمام ہدایات کا جائزہ لینا یاد رکھیں

# آپ کی ماقبل پروسیجر تشخیص

آپ کی ماقبل پروسیجر تشخیص کے دوران، ہم

- آپ کی طبی تاریخ، دواؤں، اور کسی بھی ضروری ٹیسٹ کا جائزہ لیں گے
- ٹیسٹ کے نتائج کی تشخیص کریں گے اور آپ کی نگہداشت ٹیم کے ساتھ متابعت کی رابطہ کاری کریں گے
- یہ یقینی بنائیں گے کہ تمام Inova دستاویزات اور بیرونی ریکارڈ مکمل ہیں
- ماقبل پروسیجر سے متعلق اور پروسیجر کے دن سے متعلق ہدایات فراہم کریں گے، ان میں بھوکا رہنے اور دواؤں سے متعلق ہدایات شامل ہیں
- آپ کے سوالوں کے جواب دیں گے

ماقبل پروسیجر انٹرویو میں عام طور پر 30 سے 90 منٹ لگتے ہیں اور یہ فون، ورچوئل وزٹ یا بالمشافہہ ہو سکتا ہے۔ جتنی جلدی ہو سکے اسے شیڈول کریں۔ اگر آپ کو کسی مترجم کی ضرورت ہو تو براہ کرم ہمیں شیڈول کرتے وقت بتائیں۔

**ماقبل پروسیجر تشخیص اپوائنٹمنٹ کی تاریخ:**

**ماقبل پروسیجر تشخیص اپوائنٹمنٹ کا وقت:**

**ماقبل پروسیجر تشخیص کا مقام (برائے مہربانی ایک منتخب کریں)**

☐ Inova Pre-Procedural Evaluations – Alexandria
4320 Seminary Rd.
Alexandria, VA 22304
فون: 703-504-7880

☐ Inova Pre-Procedural Evaluations – Willow Oaks (Fairfax)
8260 Willow Oaks Corporate Dr. #650
Fairfax, VA 22031
فون: 703-776-2000

☐ Inova Pre-Procedural Evaluations – Fair Oaks
3700 Joseph Siewick Dr., #100
Fairfax, VA 22033
فون: 703-391-4809

☐ Inova Pre-Procedural Evaluations – Loudoun
44045 Riverside Pkwy. #165
Leesburg, VA 20176
فون: 703-858-8192

☐ Inova Pre-Procedural Evaluations – Mount Vernon
2501 Parkers Ln.
Alexandria, VA 22306
فون: 703-664-7545

# پیٹ خالی رکھنے سے متعلق رہنما ہدایات

اگر آپ کے پروسیجر میں بے حسی پیدا کرنا (اینستھیزیا) یا سکون بخشنا(سڈیشن) شامل ہو تو برائے مہربانی ان ہدایات پر دھیان سے عمل کریں۔ ان رہنما خطوط پر عمل نہ کرنے سے آپ کی پیچیدگیوں کا خطرہ بڑھ سکتا ہے اور اس کے نتیجے میں آپ کے پروسیجر میں تاخیر ہو سکتی ہے یا اسے دوبارہ شیڈول کیا جا سکتا ہے۔

### اہم نوٹس

- جب تک آپ کا پروسیجر ہو نہ جائے تب تک کوئی **نئی GLP-1 دوا شروع نہ کریں** (جیسے Wegovy®, Ozempic®, Mounjaro®, Zepbound® یا دیگر)۔
- **اگر آپ نے گزشتہ 5 ہفتوں میں کوئی GLP-1 دوا بند کی ہے**، تو آپ کو GLP-1 کی خصوصی خوراک اور خالی پیٹ رہنے سے متعلق ہدایات پر عمل کرنا چاہیے۔ براہ کرم اپنے فراہم کنندہ کو بتائیں کہ آپ نے یہ دوا اپنے پروسیجر سے پہلے روک دی ہے۔
- **پیٹ کے خالی ہونے میں تاخیر والے مریضوں** کے لیے ضروری ہے کہ وہ مقررہ پروسیجر سے 48 گھنٹوں پہلے سے، کم چکنائی والی خوراک پر عمل کریں جو آسانی سے ہضم والی غذاؤں پر مشتمل ہو۔
- **مزید لمبے وقت تک خالی پیٹ رہنا زیادہ محفوظ ہے اور اس سے پیچیدگیوں کے خطرہ کو کم کرنے میں مدد ملتی ہے۔** اگر آپ کا سرجن آپ سے ان رہنما خطوط سے زیادہ وقت تک خالی پیٹ رہنے کو کہتا ہے، تو اپنے سرجن کی ہدایات پر عمل کریں۔ اگر خالی پیٹ رہنے کا وقت اس سے کم ہے، تو اس دستاویز میں دی گئی ہدایات پر عمل کریں۔

### معیاری بھوکا رہنے کے تقاضے

| اوقات | ہدایات |
|---|---|
| اپنے پروسیجر سے پہلے رات **11 بجے** | ٹھوس غذائیں، سوپ، اور غیر واضح سیال کو روک دیں۔ *اس وقت کے بعد آپ صرف قابل قبول واضح سیال ہی لے سکتے ہیں (ان کی فہرست نیچے دی گئی ہے)* |
| اپنے پروسیجر سے **6 گھنٹے** پہلے | بچوں کے لیے، شیر خوار فارمولا بند کر دیں |
| اپنے پروسیجر سے **4 گھنٹے** پہلے | بچوں کے لیے، ماں کا دودھ بند کر دیں |
| اپنے پروسیجر سے **4 گھنٹے** پہلے | منہ کے ذریعہ لی جانے والی ہر چیز بند کر دیں |

### GLP-1 اور تاخیر سے پیٹ خالی ہونے سے متعلق خالی پیٹ رہنےکی ضروریات

| اوقات | ہدایات |
|---|---|
| اپنے پروسیجر سے **24 گھنٹے** پہلے | اپنے سرجری کے وقت سے 24 گھنٹے پہلے سے ٹھوس غذائیں، سوپ نہ لیں، نہ ہی غیر واضح سیال پئیں۔ *آپ اپنے سرجری کے وقت کے 24 گھنٹوں کے اندر صرف قابل قبول واضح سیال ہی لے سکتے ہیں (ان کی فہرست نیچے دی گئی ہے)۔ اگر اپ کو اپنے پروسیجر کا وقت معلوم نہیں ہے، تو اپنے پروسیجر سے ایک دن پہلے صبح 7 بجے سے ٹھوس غذائیں، سوپ لینا، یا غیر واضح سیال پینا چھوڑ دیں۔* |
| اپنے پروسیجر سے **8 گھنٹے** پہلے | زیادہ کاربوہائیڈریٹ والے سیال پینا بند کر دیں (جیسے Clear Fast® اور Ensure Pre-Surgery Clear Carbohydrate Drink) |
| اپنے پروسیجر سے **4 گھنٹے** پہلے | منہ کے ذریعہ لی جانے والی ہر چیز بند کر دیں |

***واضح سیال کی تعریف:*** *پانی، سیب کا جوس، کھیلوں کے مشروبات (جیسے Gatorade®) اور بلیک کافی یا بغیر دودھ، کریم یا شہد کے چائے)۔*

# ماقبل پروسیجر جلد کی تیاری سے متعلق ہدایات

انفیکشن کے خطرہ کو کم کرنے میں مدد کرنے کے لیے، اپنے پروسیجر سے پہلے، اپنی جلد کو اس جراثیم کش محلول سے صاف کریں جسے **کلورہیکسیڈائن گلوکوونیٹ (*Chlorhexidine Gluconate (CHG)*)**، **4%**، کہا جاتا ہے۔

## CHG کب استعمال کریں

**زیادہ تر پروسیجرز کے لیے**
**دو** شاور لیں:

- اپنے پروسیجر سے ایک رات پہلے
- اپنے پروسیجر کی صبح

**ریڑھ کی ہڈی یا جوڑوں کی تبدیلی سے متعلق سرجری کے لیے**
**تین** شاور لیں:

- اپنے پروسیجر سے پہلے دو راتوں میں سے ہر ایک میں ایک بار
- اپنے پروسیجر کی صبح

## CHG کہاں سے خریدیں

CHG زیادہ تر دواخانوں پر دستیاب ہے — کسی نسخے کی ضرورت نہیں ہوتی ہے۔ عام برانڈ کے نام Hibiclens, Hibistat, Exidine، اور Hex-A-Clens ہیں۔ اگر آپ کو مدد کی ضرورت ہو، تو فارماسسٹ سے پوچھیں۔

**آپ کو ایک شاور میں تقریباً 4–2 اونس CHG محلول کی ضرورت ہوگی۔**

### CHG حفاظتی نکات

- اگر مدد کی ضرورت ہو، تو مددگار کو چاہئے کہ وہ پہلے اپنے ہاتھ اچھی طرح دھو لے۔
- CHG صرف شاور میں استعمال کریں۔ اگر شاور لینا ممکن نہ ہو، تو متبادل ہدایات کے لیے اپنے سرجن سے رابطہ کریں۔
- اگر آپ کو سرخی، خارش، یا جلد کی خارش محسوس ہوتی ہے تو CHG کا استعمال بند کر دیں اور اپنے سرجن سے رابطہ کریں
- CHG شاور کے بعد پالتو جانوروں کے ساتھ قریبی رابطہ سے گریز کریں، کیونکہ ان سے بیکٹیریا آ سکتے ہیں۔

## CHG کا استعمال کیسے کریں

1. اپنے معمول کے صابن اور شیمپو سے شاور لیں اور پانی سے مکمل طور پر دھوئیں۔
2. پانی بند کر دیں۔ اپنے ہاتھوں سے CHG لگائیں (واش کلاتھ یا اسپنج سے نہیں)۔ ***اپنے چہرے، بالوں اور شرمگاہ کے علاقہ میں نہ لگنے دیں۔*** *اگر آپ کے دماغ یا سر کی سرجری ہونی ہے، تو اپنی نگہداشت ٹیم کی ہدایات پر عمل کریں۔*
3. اپنے پورے جسم کو آہستہ آہستہ رگڑیں — خاص طور پر پروسیجر کی جگہ کے ارد گرد — **3 منٹ تک**۔
4. CHG کو مکمل طور پر دھولیں۔
5. ایک صاف تولیہ سے خشک کریں۔
6. لوشن، ڈیوڈورنٹ، پاؤڈر یا پرفیوم نہ لگائیں۔
7. صاف پاجامہ یا لباس پہنیں۔
8. اپنے پروسیجر کی صبح، ان اقدامات کو دہرائیں — لیکن اب معمول کے صابن یا شیمپو استعمال نہ کریں۔ **صرف CHG استعمال کریں۔**

---

## بال صاف کرنے سے متعلق رہنما خطوط

- اپنے پروسیجر کے 24 گھنٹوں کے اندر بالوں کو نہ مونڈیں نہ ہی بال صاف کرنے والی مصنوعات استعمال—CHG تازہ مونڈی گئی جلد میں خارش پیدا کر سکتا ہے۔
- اگر بال مونڈنا ضروری ہو، تو CHG استعمال کرنے سے **پہلے** اور اپنے پروسیجر سے **24 گھنٹوں سے زیادہ پہلے** ایسا کریں۔
- اگر ضروری ہو، تو آپ کی سرجری کرنے والی ٹیم آپریشن کے کمرہ میں بالوں کو ہٹائے گی۔

# اپنے آنے کی منصوبہ بندی کریں

### 1. آمدورفت کا بندوبست کریں

- **گھر آمدورفت کے انتظامات کریں۔** آپ کی حفاظت کے لیے، **آپ کو سکون آور دوا یا اینستھیزیا کے بعد تنہا گاڑی چلانے یا پبلک ٹرانسپورٹ سے جانے کی اجازت نہیں ہوگی۔** یہ ضروری ہو گا کہ ایک ذمہ دار بالغ شخص آپ کو گھر لے کر جائے۔ اگر آپ ٹیکسی یا رائیڈ شیئر سروس استعمال کرتے ہیں، تو ضروری ہے کہ ایک دیگر بالغ شخص آپ کے ساتھ سوار ہو۔ ہم اس بات کا بھی پرزور مشورہ دیتے ہیں کہ کوئی بالغ شخص آپ کے پروسیجر کے بعد پہلے 24 گھنٹوں تک آپ کے ساتھ رہے۔
- **اگر مریض دیکھ بھال سے متعلق فیصلے کرنے سے قاصر ہے،** تو ضروری ہے کہ ایک مناسب بالغ شخص ان کے ساتھ ہو اور رضامندی کے فارم پر دستخط کرنے کے لیے دستیاب ہو۔

### 2. بچوں کی دیکھ بھال کے لیے پیشگی منصوبہ بندی کریں۔

بچوں کو پروسیجر کے علاقہ میں اجازت نہیں ہے سوائے یہ کہ وہ خود مریض ہوں۔ صرف ایک خاندان کا شخص آپ کے ساتھ پروسیجر کے علاقہ میں جائے۔ براہ کرم اپنے پروسیجر کے دن ملاقاتیوں کی تعداد کو محدود کریں۔ مزید معلومات کے لیے، inova.org/visitor ملاحظہ کریں۔

## اگر آپ کو دوبارہ شیڈول کرنے کی ضرورت ہو یا آپ بیمار محسوس کر رہے ہوں تو کیا کریں

- **اگر آپ کو اپنے پروسیجر کو دوبارہ شیڈول کرنے یا منسوخ کرنے کی ضرورت ہو،** تو اپنے سرجن سے جلد از جلد رابطہ کریں۔
- **اگر آپ کو اپنے پروسیجر کے 48 گھنٹوں کے اندر سانس کی علامات (جیسے سردی، بخار، مسلسل کھانسی، یا انفیکشن) ہو جائے،** تو ہم آپ کی حفاظت کی خاطر آپ کے پروسیجر کو دوبارہ ترتیب دیں گے۔ اگر آپ بیمار ہو جاتے ہیں یا آپ کے پروسیجر سے پہلے آپ کو بخار ہو جاتا ہے، تو فوراً اپنے سرجن کو کال کریں۔ اپنے پروسیجر کے دن تک انتظار نہ کریں۔
- **اگر علامات ہفتہ کے آخری دن یا اس وقت شروع ہوں جب دفتر بند ہو،** تو اوقات کار کے بعد والے نمبر پر کال کریں یا آپ کی ہدایات میں فراہم کردہ نمبر کا استعمال کرتے ہوئے اپنی دیکھ بھال کرنے والی ٹیم سے رابطہ کریں۔

# آپ کے پروسیجر کے دن کیا کرنا ہے

### 1. کیا لانا ہے

- درست تصویر والا شناختی کارڈ، انشورنس کارڈ، فارمیسی کارڈ، اور ادائیگی کی شکل (چیک، نقد، یا کریڈٹ کارڈ)۔
- اپنی پیشگی ہدایت کی ایک نقل MyChart کے ذریعہ یا ای میل (acpsubmission@inova.org) کے ذریعہ شیئر کریں، اگر دستیاب ہو۔ مزید معلومات کے لیے، inova.org/advancedirective ملاحظہ کریں۔
- سماعت کے آلات کے لیے، اپنے نام اور تاریخ پیدائش کے لیبل والا ڈبہ لے کر آئیں۔
- نسخہ والے عینک کے لیے، ایک ڈبہ لے کر آئیں۔ از راہ کرم کانٹیکٹ لینسز گھر پر چھوڑ دیں۔
- اگر آپ CPAP یا BiPAP مشین استعمال کرتے ہیں اور آؤٹ پیشنٹ پروسیجر کے لیے آپ کا شیڈول مقرر ہے، تو اسے اپنے ساتھ لائیں۔ اگر آپ کو اسپتال میں داخل کیا جا رہا ہے، تو Inova ایک عارضی یونٹ فراہم کرے گا۔

### 2. کیا پہننا ہے

- ڈھیلا ڈھالا، آرام دہ لباس پہنیں۔
- تمام قیمتی سامان اور زیورات گھر پر چھوڑ دیں۔ پہنچنے سے پہلے اپنی تمام انگوٹھیاں اور سوراخوں میں پہنے جانے والے زیورات اتار دیں۔

### 3. دواؤں سے متعلق رہنما خطوط

آپ کی حفاظت کے لیے، مریضوں کو چاہیے کہ وہ گھر سے یا کسی دوسرے فراہم کنندہ کے ذریعہ تجویز کردہ کوئی دوا نہ لے کر آئیں اور نہ ہی اسے استعمال کریں سوائے یہ کہ اسپتال کی صحت دیکھ بھال کرنے والی ٹیم کی طرف سے ان کی دی گئی ہو۔

ان میں شامل ہیں لیکن ان یہ انھیں تک محدود نہیں

- نسخہ جاتی دوائیں
- غیرنسخہ جاتی دوائیں (جیسے کہ aspirin, ibuprofen, acetaminophen, Zyrtec, Claritin، یا دمہ کی دوائیں)
- جڑی بوٹیوں والی دوائیں یا متبادل علاج

اسپتال کی ٹیم آپ کے قیام کے دوران ضروری ہونے والی تمام دواؤں کا آرڈر کرے گی، ان کا معائنہ کرے گی اور تصدیق کرے گی۔ اگر آپ کو کوئی سوال ہو تو اپنی نگہداشت کرنے والی ٹیم سے رابطہ کریں۔

# اپنے پروسیجر کے بعد کیا توقع کریں

آپ کے پروسیجر کے بعد، آپ ایک بحالی کے علاقے میں چلے جائیں گے جہاں ہماری ٹیم آپ کے بیدار ہونے پر آپ کی نگرانی کرے گی۔ زیادہ تر مریض 2 سے 4 گھنٹے کے اندر گھر چلے جاتے ہیں، لیکن آپ کی صحتیابی کا وقت آپ کے پروسیجر اور آپ کی خیریت کی بنیاد پر زیادہ لمبا ہوسکتا ہے۔

- آپ کے جانے سے پہلے، ہم آپ کے ساتھ اور آپ کو گھر لے جانے والے بالغ فرد کے ساتھ آپ کی ڈسچارج ہدایات کا جائزہ لیں گے۔ آپ کو دواؤں، فالو اپ دیکھ بھال اور اس تعلق سے معلومات موصول ہوں گی کہ گھر پر اپنی صحتیابی کو کیسے جاری رکھیں۔
- اگر آپ کے پروسیجر کے مقام پر ایک دواخانہ ہے، تو آپ گھر جانے سے پہلے اپنے نسخہ کی دوائیں لے سکیں گے۔

# آپ کے پروسیجر کے لیے ادائیگی

آپ کے پروسیجر سے پہلے، Inova کی مریض مالیاتی خدمات:

- آپ کے کوریج اور فوائد کی تصدیق کرے گا
- آپ کے بیمہ کنندہ سے مطلوبہ اجازت حاصل کرے گا
- آپ کی متوقع مالی ذمہ داری کو سمجھنے میں آپ کی مدد کرے گا
- ہو سکنے والے کسی بھی مالیاتی انتظامات کو ترتیب دے گا

اگر ہم آپ سے رابطہ نہیں کر پاتے ہیں، تو از راہ کرم اپنے پروسیجر کے دن کسی بھی قابل اطلاق کوپیمنٹ یا کوانشورنس کی ادائیگی کے لیے تیار رہیں۔

### آپ کے پروسیجر کے بعد ایک سے زیادہ بل موصول ہونے کی توقع کرے گی

سب سے پہلے، ہم آپ کے پروسیجر سے متعلق خدمات کے لیے آپ کے انشورنس کو بل کریں گے۔ اگر آپ کے پلان کے بعد کچھ رقم باقی بچ جاتی ہے، جیسے کہ ڈڈکٹبل، کوپیمنٹ، یا کوانشورینس، تو آپ کو ایک بل موصول ہو گا۔

آپ کو اپنی دیکھ بھال میں شامل فراہم کنندگان سے متعدد بل بھی موصول ہو سکتے ہیں، ان میں اسپتال یا سرجری سینٹر، آپ کا سرجن، اور آپ کو اینستھیزیا دینے والا ڈاکٹر شامل ہیں۔

- **اسپتال یا سرجری سینٹر کا بل:** یہ فیسلٹی بل اسپتال یا سرجری سینٹر کا احاطہ کرتا ہے، جس میں عملہ، فراہمیاں اور آپ کی دیکھ بھال کے دوران استعمال ہونے والے اوزار شامل ہیں۔
- **سرجن کا بل:** اگر آپ کو اس بل کے بارے میں سوالات ہیں، تو اپنے بل پر درج سرجن سے رابطہ کریں۔
- **اینستھیزیا دینے والے کابل:** یہ بل آپ کے پروسیجر کے دوران آپ کو موصول ہونے والی اینستھیزیا کی خدمات کا احاطہ کرتا ہے۔ اگر آپ کو اس بل کے بارے میں سوالات ہیں، تو اپنے بل پر درج اینستھیزیولوجی گروپ سے رابطہ کریں۔
- **کاسمیٹک پروسیجرز:** کاسمیٹک پروسیجرز کے لیے پیشگی ادائیگی کی جانی ضروری ہے۔

### بلنگ اور قیمت کے تخمینوں کے بارے میں سوالات؟

- سوالات یا ادائیگیوں کے لیے، Inova کی **پیشنٹ فنانشل سروسز** کو 571-472-5750 پر کال کریں۔
- تخمینہ سے متعلق سوالات کے لیے، **Inova کی قیمت کے تخمینوں کی معاونت ٹیم** کو 571-472-3300 پر کال کریں۔

آپ MyChart کے ذریعہ اپنا تخمینہ بھی بنا سکتے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے، inova.org/hospitalcharges ملاحظہ کریں۔

## مالی مدد کی ضرورت ہے؟

Inova ایسے مریضوں کو مالی مدد فراہم کرتی ہے جنہیں اپنے میڈیکل بل میں مدد کی ضرورت ہوتی ہے — یا تو MyChart کے ذریعہ، یا ڈاک کے ذریعہ، یا بالمشافہہ طور پر۔ مزید تفصیلات کے لیے، Inova کی مالی امداد ٹیم کو 571-472-5880 پر کال کریں یا www.inova.org/patient-and-visitor-information/financial-assistance پرجائیں۔

## مقامات

### Alexandria ایریا

**[Inova Alexandria Hospital Surgery Center]**
4320 Seminary Road
Alexandria, VA 22304
703-504-3000
www.inova.org/locations/inova-alexandria-hospital-surgery-center :مزید معلومات

**[Inova Mount Vernon Hospital Surgery Center]**
2501 Parkers Lane
Alexandria, VA 22306
703-664-7000
www.inova.org/locations/inova-mount-vernon-hospital-surgery-center :مزید معلومات

---

### Annandale/Falls Church/Fairfax (Inova Fairfax Medical Campus)

**[Inova Woodburn Surgery Center]**
3289 Woodburn Rd, #130
Annandale, VA 22003
571-472-7030
www.inova.org/locations/inova-woodburn-surgery-center :مزید معلومات

**[Inova Fairfax Hospital Surgery Center]**
Inova Fairfax Medical Campus
3300 Gallows Road
Falls Church, VA 22042
703-776-5900
www.inova.org/locations/inova-fairfax-hospital-outpatient-surgery-center :مزید معلومات

**[Inova Professional Services Building – Surgery Center]**
Inova Fairfax Medical Campus
3300 Gallows Road
Falls Church, VA 22042
703-776-6630
www.inova.org/ifmc/psb-sugery :مزید معلومات

**[Inova Saville Cancer Screening and Prevention Center]**
8081 Innovation Park Dr, Pavilion - Level P1
Fairfax, VA 22031
571-472-3500
www.inova.org/locations/inova-saville-cancer-screening-and-prevention-center :مزید معلومات

### ایریا Fair Oaks

**Inova Fair Oaks Hospital Surgery Center**
3600 Joseph Siewick Drive
Fairfax, VA 22033
703-391-3600
مزید معلومات: www.inova.org/locations/inova-fair-oaks-hospital-surgery-center

---

### ایریا Leesburg/Loudoun

**Inova Loudoun Hospital Surgery Center**
44045 Riverside Pkwy
Leesburg, VA 20176
703-858-6490
مزید معلومات: www.inova.org/locations/inova-loudoun-hospital-surgery-centers